جملہ حقوق بحق ادارہ محفوظ ہیں۔

اس کتاب کو یا اس کے کسی بھی حصّے، لے آؤٹ، مرکزی خیال اور انداز تحریر کو ادارے کی پیشگی اجازت کے بغیر کسی بھی حالت میں نہ تو شائع کیا جا سکتا ہے اور نہ ہی نقل کیا جا سکتا ہے۔ ادارہ اس کی خلاف ورزی کرنے والے کے خلاف قانونی کارروائی کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

AtlanticKids

# اسلامیات

## 1 کی کتاب

...Since 1987

بولتی کتابیں®

Javed Publishers®

Licensed exclusively to publish in Pakistan.
2-Outfall Road, Lahore-Pakistan. +92 42 37239505
www.javedpublishers.com

Text copyright reserved with the publisher
Illustration copyright © 2020 Qaba Enterprises
All rights reserved

Manufactured in Lahore-Pakistan

سبق 1

# تَعَوُّذ، تَسمِیَہ اور کلمہ طیّب

## مشق

**الف** دیے گئے سوالوں کے جواب دیں۔

1 کیا پڑھنے سے ہم اللہ تعالیٰ کی پناہ میں آجاتے ہیں؟

جواب: تَعَوُّذ پڑھنے سے ہم اللہ تعالیٰ کی پناہ میں آجاتے ہیں۔

2 ہر کام شروع کرنے سے پہلے ہمیں کیا پڑھنا چاہیے؟

جواب: ہمیں ہر کام شروع کرنے سے پہلے تَسمِیَہ پڑھنی چاہیے۔

3 دینِ اسلام کے پہلے کلمے کا نام کیا ہے؟

جواب: دینِ اسلام کے پہلے کلمے کا نام ''کلمہ طیّب'' ہے۔

**ب** دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

تَسمِیَہ | پاکیزہ بات | تَعَوُّذ

1 تَعَوُّذ ............ پڑھنے سے ہم اللہ تعالیٰ کی پناہ میں آ جاتے ہیں۔

2 ہمیں ہر کام شروع کرنے سے پہلے تَسمِیَہ ............ پڑھنی چاہیے۔

3 کلمہ طیّب کے معنی پاکیزہ بات ............ کے ہیں۔

ج کالم الف کو کالم ب سے ملائیں۔

| کالم الف | کالم ب |
|---|---|
| تَعَوُّذ | بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ |
| تَسۡمِیَّہ | لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰهِ ؕ |
| کلمہ طیّب | اَعُوۡذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیۡمِ ؕ |

سبق 2

# قرآن مجید

## مشق

(الف) کالم الف کو کالم ب سے ملائیں۔

| کالم الف | کالم ب |
| --- | --- |
| قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ | اور کوئی اس کا ہمسر نہیں |
| وَلَمْ يُوْلَدْ | اللہ بے نیاز ہے |
| لَمْ يَلِدْ | کہو کہ وہ معبود برحق جس کی میں عبادت کرتا ہوں اللہ ہے وہ ایک ہے |
| اَللّٰهُ الصَّمَدُ | اور نہ کسی کا بیٹا |
| وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ | وہ نہ کسی کا باپ ہے |

سبق 3

# پیارے نبی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ کی پیاری دُعائیں

## مشق

ذرا سوچیں!
ہم دُعا کس سے مانگتے ہیں؟
جواب: ہم دعا اللہ تعالیٰ سے مانگتے ہیں۔

الف درست جواب پر دائرہ لگائیں۔

1 دُعا اَللّٰهُ اَكْبَر پڑھی جاتی ہے:

- سو کر اُٹھنے پر
- گھر سے نکلتے وقت
- سونے سے پہلے
- ◉ سیڑھیاں چڑھتے وقت

2 دُعا رَبِّ زِدْنِی عِلْمًا پڑھی جاتی ہے:

- ◉ علم میں اضافے کے لیے
- دودھ پینے کے لیے
- کھانا شروع کرنے کے لیے
- سلام کرنے کے لیے

3 سُبْحَانَ اللہ کہا جاتا ہے:

- سیڑھیاں چڑھنے پر
- ◉ سیڑھیاں اُترنے پر
- چھینکنے پر
- جمائی آنے پر

ب تصویروں کو ان کی متعلّقہ دُعاؤں سے ملائیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ وَعَلٰی بَرَکَۃِ اللّٰہِ

اَللّٰہُ اَکۡبَر

اَلسَّلَامُ عَلَیۡکُمۡ وَرَحۡمَۃُ اللّٰہِ

اَللّٰھُمَّ بَارِکۡ لَنَا فِیۡہِ وَزِدۡنَا مِنۡہُ









سبق
4

# اللہ تعالیٰ

## مشق

الف دیے گئے سوالوں کے جواب دیں۔

1 یہ دُنیا کس نے بنائی ہے؟

جواب: یہ دُنیا اللہ تعالیٰ نے بنائی ہے۔

2 اللہ تعالیٰ کب سے ہے اور کب تک رہے گا؟

جواب: اللہ تعالیٰ ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا۔

3 کیا اللہ تعالیٰ کا کوئی شریک ہے؟

جواب: اللہ تعالیٰ کا کوئی شریک نہیں۔

4 ہم اللہ تعالیٰ کو کس طرح خوش کر سکتے ہیں؟

جواب: ہم اچھّے کام کر کے اللہ تعالیٰ کو خوش کر سکتے ہیں۔

ذرا سوچیں!
اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا شکر ادا کرنے کا بہترین طریقہ کیا ہے؟
جواب: اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا شکر ادا کرنے کا بہترین طریقہ نماز ادا کرنا ہے۔

ب دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

چُھپ | اللہ تعالیٰ | اچھّے | پیدا

1 اللہ تعالیٰ ایک ہے۔

2 اللہ تعالیٰ نے ہم سب کو پیدا کیا۔

3 اللہ تعالیٰ سے کوئی بات ......چھپ...... نہیں سکتی۔

4 ہم ......اچھّے...... کام کر کے اللہ تعالیٰ کو خوش کر سکتے ہیں۔

ج درست جواب پر دائرہ لگائیں۔

1 ہم سب کا مالک ہے:

- نبی
- فرشتہ
- (◉) اللہ تعالیٰ
- رسول

2 اللہ تعالیٰ کی نعمتیں ہیں:

- چاند
- سورج
- درخت
- (◉) یہ سب

3 اللہ تعالیٰ ہم سے کرتا ہے:

- نفرت
- دشمنی
- (◉) پیار
- ناراضی

د اللہ تعالیٰ کے پیارے ناموں کے معانی لکھیں۔


اَلرَّحۡمٰنُ بڑا مہربان

اَلنُّوۡرُ روشن کرنے والا

اَلۡمَلِكُ کائنات کا مالک

اَلۡغَنِیُّ بے نیاز


ہ اللہ تعالیٰ کی بنائی ہوئی چیزوں کے نام لکھیں۔




سورج




درخت



چاند




پہاڑ



پھول

و اللہ تعالیٰ کی دی گئی نعمتوں میں سے کسی ایک چیز کی تصویر بنائیں اور رنگ بھریں۔



سبق 5

# اللہ تعالیٰ کے نبی

## مشق

الف) دیے گئے سوالوں کے جواب دیں۔

1. اللہ تعالیٰ نے نبی کیوں بھیجے؟

جواب: اللہ تعالیٰ نے ہماری ہدایت کے لیے نبی بھیجے۔

2. اللہ تعالیٰ کے پہلے نبی کا کیا نام ہے؟

جواب: اللہ تعالیٰ کے پہلے نبی حضرت آدم علیہ السلام ہیں۔

3. اللہ تعالیٰ کے آخری نبی کا نام بتائیں۔

جواب: اللہ تعالیٰ کے آخری نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں۔

4. مسلمان ہونے کی حیثیت سے ہم پر کیا فرض ہے؟

جواب: مسلمان ہونے کی حیثیت سے ہم پر فرض ہے کہ ہم اللہ تعالیٰ کے بھیجے ہوئے تمام نبیوں پر ایمان لائیں۔

ب) دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

نبیوں | حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم | حضرت آدم علیہ السلام | پیار | ہدایت

1. اللہ تعالیٰ ہم سب سے بہت ......پیار...... کرتا ہے۔

2. اللہ تعالیٰ نے ہماری ......ہدایت...... کے لیے بہت سے نبی بھیجے۔

3 اللہ تعالیٰ کے پہلے نبی ....حضرت آدم علیہ السلام.... ہیں۔

4 ....حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم.... کے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا۔


5 ہم پر فرض ہے کہ ہم تمام ....نبیوں.... پر ایمان لائیں۔

ذرا سوچیں !
کس نبی کو اللہ تعالیٰ کا خلیل (دوست) کہا جاتا ہے؟
جواب: حضرت ابراہیم علیہ السلام

ج کالم الف کو کالم ب سے ملائیں۔

| کالم الف | کالم ب |
|---|---|
| اللہ تعالیٰ کے پہلے نبی | حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں۔ |
| نبیوں نے ہمیں | کوئی نبی نہیں آئے گا۔ |
| اللہ تعالیٰ کے آخری نبی | حضرت آدم علیہ السلام ہیں۔ |
| ہم پر فرض ہے کہ | زندگی گزارنے کا طریقہ سکھایا۔ |
| حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد | تمام نبیوں پر ایمان لائیں۔ |

د چند مشہور نبیوں کے نام پھولوں میں لکھیں۔



سبق 6

# پیارے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

## مشق

الف دیے گئے سوالوں کے جواب دیں۔

1 حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 12 ربیع الاوّل کو پیر کے دن عرب کے مشہور شہر مکّہ مکرمہ میں پیدا ہوئے۔

2 حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام ''محمد'' کس نے رکھا؟

جواب: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دادا نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام ''محمد'' رکھا۔

3 والدہ کی وفات کے بعد حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پرورش کس نے کی؟

جواب: والدہ کی وفات کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پرورش آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دادا حضرت عبدالمطلب نے کی۔

4 صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے معنی بتائیں۔

جواب: اس کے معنی ہیں: ''آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اولاد پر اللہ تعالیٰ کی رحمت اور سلامتی ہو۔''

ب درست جواب پر دائرہ لگائیں۔

1 حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کس مہینے میں پیدا ہوئے؟

- رمضان
- ◉ ربیع الاوّل
- ربیع الثانی
- جمادی الاوّل

ذرا سوچیں!
مکّہ کے لوگ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کیا کہہ کر پکارتے تھے؟
جواب: صادق اور امین

2 حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں:

- پہلے
- دوسرے
- ◉ آخری
- تیسرے

3 حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عرب کے مشہور شہر ...مکّہ مکرمہ... میں پیدا ہوئے۔

- ◉ مکّہ مکرمہ
- طائف
- مدینہ منورہ
- شام

4 حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ جب آٹھ سال کے ہوئے تو ...آپ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ کے دادا... وفات پا گئے۔

- آپ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ کے والد
- آپ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ کے نانا
- ◉ آپ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ کے دادا
- آپ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ کے چچا

ج دیے گئے ناموں سے حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ کا کیا رشتہ تھا؟ ہر نام کے سامنے رشتہ لکھیں۔

| نام | رشتہ |
|---|---|
| حضرت عبداللہ | والد |
| حضرت آمنہ | والدہ |

| نام | رشتہ |
|---|---|
| حضرت عبد المطلب | دادا |
| حضرت ابوطالب | چچا |

د حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ کے اخلاق کے متعلق تین جملے لکھیں۔

آپ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ ہمیشہ سچ بولتے تھے۔

آپ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اپنا وعدہ پورا کرتے تھے۔

آپ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ بچوں سے پیار کرتے تھے۔

سبق 7

# آسمانی کتابیں

## مشق

الف دیے گئے سوالوں کے جواب دیں۔

ذرا سوچیں!
قرآن مجید کس مہینے میں نازل ہوا؟
جواب: رمضان کے مہینے میں

1 اللہ تعالیٰ نے کتابیں کیوں نازل کیں؟

جواب: اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کی راہنمائی کے لیے چار کتابیں نازل کیں۔

2 اللہ تعالیٰ نے کتنی کتابیں نازل کیں؟

جواب: اللہ تعالیٰ نے چار کتابیں نازل کیں۔

3 کون سے نبیوں علیہم السلام کو "رسول" کہتے ہیں؟

جواب: آسمانی کتابیں جن نبیوں علیہم السلام پر نازل ہوئیں، ان نبیوں علیہم السلام کو "رسول" کہتے ہیں۔

4 آسمانی کتابیں کن نبیوں علیہم السلام پر نازل ہوئیں؟

جواب: آسمانی کتابیں حضرت موسیٰ علیہ السلام، حضرت داؤد علیہ السلام، حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل ہوئیں۔

ب درست جملے کے سامنے (✓) اور غلط جملے کے سامنے (✗) کا نشان لگائیں۔

| | |
|---|---|
| 1 تورات حضرت داؤد علیہ السلام پر نازل ہوئی۔ | ✗ |
| 2 آسمانی کتابیں چار ہیں۔ | ✓ |
| 3 اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کی راہنمائی کے لیے آسمانی کتابیں نازل کیں۔ | ✓ |
| 4 آسمانی کتابیں حضرت عزرائیل علیہ السلام دُنیا میں لائے۔ | ✗ |

5 قرآن مجید حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ پر نازل ہوا۔ ✓

**ج** درست جواب پر دائرہ لگائیں۔

1 آسمانی کتابیں نازل ہوئیں:

- فرشتوں کے لیے
- پرندوں کے لیے
- ◉ انسانوں کے لیے
- انبیائے کرام علیہم السلام کے لیے

2 قرآن مجید نازل ہوا:

- حضرت داؤد علیہ السلام پر
- حضرت موسیٰ علیہ السلام پر
- ◉ حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ پر
- حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر

3 تورات نازل ہوئی:


- حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر
- حضرت داؤد علیہ السلام پر
- ◉ حضرت موسیٰ علیہ السلام پر
- حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ پر

**د** آسمانی کتابوں کی ترتیب کے مطابق دائروں میں نمبر لکھیں۔


1




2




3




4



٥ ہر نبی پر نازل ہونے والی آسمانی کتاب کا نام لکھیں۔

| نبی | کتاب |
|---|---|
| حضرت موسیٰ علیہ السلام | تورات |
| حضرت داؤد علیہ السلام | زبور |
| حضرت عیسیٰ علیہ السلام | انجیل |
| حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم | قرآن مجید |

سبق
8

# نماز

## مشق

الف) دیے گئے سوالوں کے جواب دیں۔

1 فرض نمازیں کتنی ہیں؟ ان کے نام لکھیں۔

جواب: فرض نمازیں پانچ ہیں:

فجر ظہر عصر مغرب عشا

2 نماز پڑھنے کا طریقہ ہمیں کس نے سکھایا؟

جواب: نماز پڑھنے کا طریقہ ہمیں پیارے نبی حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ نے سکھایا ہے۔

3 نماز پڑھنے سے پہلے کیا ضروری ہے؟

جواب: نماز پڑھنے سے پہلے وضو ضروری ہے۔

ذرا سوچیں!
خانہ کعبہ کس ملک میں ہے؟
جواب: مکہ مکرمہ میں

4 مسلمان نماز کہاں پڑھتے ہیں؟

جواب: مسلمان مسجد میں نماز پڑھتے ہیں۔

5 اذان کیوں دی جاتی ہے؟

جواب: مسجد میں لوگوں کو نماز کے لیے بلانے کے لیے اذان دی جاتی ہے۔

ب) درست جملے کے سامنے (✓) اور غلط جملے کے سامنے (✗) کا نشان لگائیں۔

1 اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنے کے لیے ہم اس کی عبادت کرتے ہیں۔ ✓

2 نماز پڑھنا اللہ تعالیٰ کی عبادت ہے۔ ✓

3 نماز پڑھنے کا طریقہ ہمیں حضرت آدم علیہ السلام نے سکھایا۔ ✗

4 نماز پڑھنے سے پہلے صاف ستھرا ہونا ضروری نہیں ہے۔ ✗

5 صاف ستھرا ہونے کے لیے وضو کیا جاتا ہے۔ ✓

## ج درست جواب پر دائرہ لگائیں۔

1 نماز کس طرف منہ کر کے پڑھنی چاہیے؟

- مسجد کی طرف
- خانہ کعبہ کی طرف ◉
- جنوب کی طرف
- مشرق کی طرف

2 نماز پڑھنے سے پہلے کرنا چاہیے:

- وضو ◉
- تلاوت
- ارادہ
- غسل

3 فرض نمازیں ...پانچ... ہیں۔

- چار
- پانچ ◉
- چھ
- سات

4 نماز پڑھنے کا حکم ہمیں دیا گیا ہے:

- تورات میں
- زبور میں
- قرآن مجید میں ◉
- کتابوں میں

د نمازوں کے نام ان کی ترتیب کے مطابق لکھیں۔

ظہر   عصر   عشا   فجر   مغرب

1 فجر

2 ظہر

3 عصر

4 مغرب

5 عشا

سبق 9

# بڑوں کا احترام

## مشق

**الف** دیے گئے سوالوں کے جواب دیں۔

1 دینِ اسلام ہمیں کیا سکھاتا ہے؟

جواب: دینِ اسلام ہمیں والدین، استاد اور تمام بزرگوں کا احترام کرنا سکھاتا ہے۔

2 اللہ تعالیٰ کے بعد ہم پر سب سے زیادہ حق کس کا ہے؟

جواب: اللہ تعالیٰ کے بعد ہم پر سب سے زیادہ حق ہمارے والدین کا ہے۔

ذرا سوچیں!
ہم پر سب سے پہلا حق کس کا ہے؟
جواب: ہم پر سب سے پہلا حق ماں کا ہے۔

3 ہمیں بڑوں سے کس طرح بات کرنی چاہیے؟

جواب: ہمیں بڑوں سے آہستہ آواز میں بات کرنی چاہیے۔

4 جب بڑے کسی بات سے منع کریں تو کیا کرنا چاہیے؟

جواب: جب بڑے کسی بات سے منع کریں تو رک جانا چاہیے۔

5 بڑوں کا احترام کرنے سے کیا ہوتا ہے؟

جواب: بڑوں کا احترام کرنے والے بچّوں سے اللہ تعالیٰ خوش ہوتا ہے۔

**ب** دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

ضروریات | والدین | ادب

1 اللہ تعالیٰ کے بعد ہم پر سب سے زیادہ حق ہمارے ......والدین...... کا ہے۔

2 ہمیں بڑوں کے سامنے ........ادب........ سے بیٹھنا چاہیے۔

3 ہمیں بڑوں کی ........ضروریات........ کا خیال رکھنا چاہیے۔

ج درست جملے کے سامنے (✓) اور غلط جملے کے سامنے (✗) کا نشان لگائیں۔

1 ہمارے والدین اللہ تعالیٰ کی نعمت ہیں۔ ✓

2 استاد کا احترام بھی والدین کے برابر ہے۔ ✓

3 بڑوں کے ساتھ بے ادبی سے بات کریں۔ ✗

4 ہمیں بڑوں سے اونچی آواز میں بات کرنی چاہیے۔ ✗

5 بڑوں کا احترام کرنے والے بچّوں سے اللہ تعالیٰ خوش ہوتا ہے۔ ✓

د نیچے دی گئی تصویریں بڑوں کے احترام کو ظاہر کر رہی ہیں۔ ان تصویروں کے متعلق ایک ایک جملہ لکھیں۔



میں گھر کے کاموں میں اپنی امی کی مدد کرتی ہوں۔



میں اپنی دادی کی خدمت کرتی ہوں۔

٥ آپ بڑوں کا احترام کیسے کرتے ہیں؟ فہرست بنائیں۔

نام: ____________________

بڑوں کے سامنے ادب سے بیٹھتا / بیٹھتی ہوں۔

ان سے آہستہ آواز میں بات کرتا / کرتی ہوں۔

ان کا کہنا مانتا / مانتی ہوں۔

ان کی ضروریات کا خیال رکھتا / رکھتی ہوں۔

سبق 10

# صفائی

## مشق

الف دیے گئے سوالوں کے جواب دیں۔

1 دینِ اسلام میں صفائی کو کیا کہا گیا ہے؟

جواب: دینِ اسلام میں صفائی کو نصف ایمان کہا گیا ہے۔

ذرا سوچیں!
کیا بیماریوں سے بچنے کے لیے صاف ستھرا رہنا ضروری ہے؟
جواب: جی ہاں

2 صاف سُتھرا رہنے سے کیا فائدہ ہوتا ہے؟

جواب: صاف ستھرا رہنے سے ہم صحت مند رہتے ہیں۔

3 گندا رہنے سے ہماری صحت پر کیا اثر ہوتا ہے؟

جواب: گندا رہنے سے ہماری صحت خراب ہوجاتی ہے۔

4 صاف سُتھرا رہنے کے لیے ہمیں کیا کرنا چاہیے؟

جواب: ہمیں صاف سُتھرا رہنے کے لیے روزانہ نہانا چاہیے۔

5 ہمیں اپنے دانت روزانہ کتنی مرتبہ صاف کرنے چاہییں؟

جواب: ہمیں اپنے دانت روزانہ دو مرتبہ صاف کرنے چاہییں۔

ب درست جواب پر دائرہ لگائیں۔

1 صاف سُتھرا رہنے سے ہم ......صحت مند...... رہتے ہیں۔

- بیمار
- کمزور
- (◉) صحت مند
- گندے

2 گندا رہنے سے خراب ہوتی ہے:

- لکھائی
- پڑھائی
- (◉) صحت
- تفریح

3 ہمیں صاف سُتھرا رہنے کے لیے روزانہ ......نہانا...... چاہیے۔

- کھیلنا
- (◉) نہانا
- سونا
- کھانا

4 ہمیں اپنے دانت روزانہ صاف کرنے چاہییں:

- (◉) دو مرتبہ
- تین مرتبہ
- ایک مرتبہ
- چار مرتبہ

ج اپنے آپ کو اور اپنے ماحول کو صاف رکھنے کے لیے آپ کون سے کام کرتے ہیں؟
ان جملوں کے سامنے (✓) کا نشان لگائیں۔

| | |
|---|---|
| 1 دانت روزانہ دو مرتبہ صاف کرتے ہیں۔ | ✓ |
| 2 پھولوں کو توڑتے ہیں۔ | ✗ |
| 3 ہفتے میں ایک مرتبہ ناخن تراشتے ہیں۔ | ✓ |
| 4 صاف ستھرا لباس پہنتے ہیں۔ | ✓ |

5 گندے ہاتھوں سے کھانا کھاتے ہیں۔ ✘

6 کوڑا اِدھر اُدھر پھینکتے ہیں۔ ✘

د نیچے دی گئی تصویریں صفائی کی عادات کو ظاہر کر رہی ہیں۔ ہر تصویر کے متعلق ایک جملہ لکھیں۔




کوڑا، کوڑے دان میں پھینکنا چاہیے۔



روزانہ نہانا چاہیے۔



دن میں دو مرتبہ دانت صاف کرنے چاہییں۔



ہفتے میں ایک مرتبہ ناخن تراشنے چاہییں۔

سبق 11

# کھانے پینے کے آداب

## مشق

**الف** دیے گئے سوالوں کے جواب دیں۔

1 کھانا کھانے کے آداب ہمیں کس نے بتائے ہیں؟

جواب: دینِ اسلام نے ہمیں کھانا کھانے اور پانی پینے کے آداب بتائے ہیں۔

2 پانی پینے اور کھانا کھانے سے پہلے ہمیں کیا پڑھنا چاہیے؟

جواب: پانی پینے اور کھانا کھانے سے پہلے ہمیں بِسمِ اللہ پڑھنی چاہیے۔

ذرا سوچیں!
کھانا کھانے سے پہلے ہاتھ دھونے کیوں ضروری ہیں؟
جواب: بیماریوں سے بچنے کے لیے

3 کھانا کھانے کے بعد کیا پڑھنا چاہیے؟

جواب: کھانا کھانے کے بعد اَلحَمدُ لِلّٰہ پڑھنا چاہیے۔

4 کھانا کھانے کے کوئی سے دو آداب لکھیں۔

جواب: کھانا کھانے سے پہلے ہاتھ دھوئیں۔ کھانا شروع کرتے وقت بِسمِ اللہ پڑھیں۔

**ب** دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

کُلّی — بیٹھ — ہاتھ — سامنے — تین

1 کھانا کھانے سے پہلے ...ہاتھ... دھونے چاہییں۔

2 کھانا کھانے کے بعد ..........کُلّی.......... کرنی چاہیے۔

3 کھانا ہمیشہ اپنے ..........سامنے.......... سے لینا چاہیے۔

4 پانی ..........بیٹھ.......... کر پینا چاہیے۔

5 پانی ..........تین.......... سانسوں میں پینا چاہیے۔

ج درست جواب پر دائرہ لگائیں۔

1 دینِ اسلام نے ہمیں کھانے پینے کے بتائے ہیں:

- انداز
- ہنر
- (◉) آداب
- اخلاق

2 کھانا کھانے سے پہلے پڑھنی چاہیے:

- سورۃ الاخلاص
- (◉) بسم اللہ
- سورۃ الکوثر
- سورۃ النصر

3 کھانے کے نوالے کھانے چاہییں:

- بڑے بڑے
- کبھی بڑے کبھی چھوٹے
- (◉) چھوٹے چھوٹے
- بغیر چبائے

4 پانی پینا چاہیے:

- (◉) تین سانسوں میں
- کھڑے ہو کر
- جلدی جلدی
- ایک ہی سانس میں

د کھانے اور پینے کے صحیح طریقوں میں سبز رنگ اور غلط طریقوں میں سرخ رنگ بھریں۔

کھانے سے
پہلے بِسمِ اللہ
پڑھنا

پانی پینے کے
بعد اَلحمدُ لِلّٰہ
کہنا

کھانا بائیں ہاتھ
سے کھانا

پانی ایک ہی
سانس میں پینا

پانی کھڑے
ہو کر پینا

کھانے کے بعد
کُلّی کرنا

کھانے کے
برتن کو صاف کرنا

نوالہ بہت
بڑا لینا

سبق 12

# سلام کے آداب

## مشق

الف دیے گئے سوالوں کے جواب دیں۔

1 ہمیں سلام کرنے کا حکم کس نے دیا؟

جواب: حضرت محمد صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ نے ہمیں سلام کرنے کا حکم دیا ہے۔

2 السّلام علیکم کے کیا معنی ہیں؟

جواب: ''السّلام علیکم'' کے معنی ہیں ''تم پر سلامتی ہو''۔

3 ہمیں سلام کے جواب میں کیا کہنا چاہیے؟

جواب: سلام کے جواب میں وعلیکم السلام کہنا چاہیے۔

4 وعلیکم السّلام کے کیا معنی ہیں؟

جواب: ''وعلیکم السّلام'' کے معنی ہیں ''اور تم پر بھی سلامتی ہو''۔

5 سلام کرنے کے کوئی سے دو آداب لکھیں۔

جواب: کسی کے گھر جائیں تو سب سے پہلے گھر والوں کو سلام کریں۔ چھوٹوں اور بڑوں سب کو سلام کریں۔

ذرا سوچیں!
سلام کرنے کے آداب پر عمل کرنا کیوں ضروری ہے؟
جواب: کیوں کہ اس سے اللہ تعالیٰ خوش ہوتا ہے۔

**ب** دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| حضرت محمد صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ | اللہ تعالیٰ | دس | السّلام علیکم | سلام |

1 سلام کرنا ایک اچھی عادت ہے۔

2 حضرت محمد صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ نے ہمیں سلام کرنے کا حکم دیا ہے۔

3 جب آپ کی کسی سے ملاقات ہو تو سب سے پہلے اُسے السّلام علیکم کہنا چاہیے۔

4 سلام کرنے سے دس نیکیاں ملتی ہیں۔

5 سلام کرنے والے سے اللہ تعالیٰ خوش ہوتا ہے۔

**ج** درست جواب پر دائرہ لگائیں۔

1 السّلام علیکم کے جواب میں کہنا چاہیے:

- والسّلام
- وعلیکم
- ◉ وعلیکم السّلام
- اللہ حافظ

2 کسی کے گھر جائیں تو کہیں:

- ◉ السّلام علیکم
- وعلیکم السّلام
- اللہ حافظ
- سبحان اللہ

3 السّلام علیکم کے معنی ہیں:

- تمھیں کامیابی ملے۔
- ◉ تم پر سلامتی ہو۔
- تم پر اللہ تعالیٰ کی رحمت ہو۔
- تم پر اللہ تعالیٰ کی برکت ہو۔

د آج آپ نے کن کن موقعوں پر سلام کیا؟ ہاں یا نہیں کے کالم میں ( ✓ ) کا نشان لگائیں۔

| | | ہاں | نہیں |
|---|---|---|---|
| 1 | گھر سے نکلتے وقت | ✓ | |
| 2 | سکول میں اپنے دوستوں کو | ✓ | |
| 3 | اپنے استاد کو | ✓ | |
| 4 | گھر میں داخل ہوتے وقت | ✓ | |
| 5 | کسی مہمان کو | ✓ | |

سبق 13

# اچھّی عادات

## مشق

الف دیے گئے سوالوں کے جواب دیں۔

1 اچھّی عادات اپنانے سے کیا ہوتا ہے؟

جواب: اچھّی عادات اپنانے سے اللہ تعالیٰ خوش ہوتا ہے اور ہم بُرے کاموں سے بچے رہتے ہیں۔

2 چوری کرنا کیسی عادت ہے؟

جواب: چوری کرنا بُری عادت ہے۔

3 ہمیں لوگوں کے ساتھ کس طرح پیش آنا چاہیے؟

جواب: ہمیں لوگوں کے ساتھ ہمیشہ خوش اخلاقی سے پیش آنا چاہیے۔

ذرا سوچیں !
جب کسی سے کوئی چیز مانگنی ہوتو کیا کہنا چاہیے؟
جواب: مہربانی فرما کر کہنا چاہیے۔

4 ہمیں اپنے گھر اور سکول کو کیسا رکھنا چاہیے؟

جواب: ہمیں اپنے گھر اور سکول کو صاف ستھرا رکھنا چاہیے۔

5 کوئی سی دو اچھّی عادات لکھیں۔

جواب: ہمیشہ سچ بولیں۔ سچ بولنا اللہ تعالیٰ کو بہت پسند ہے۔ ہمیشہ ایمان داری سے کام کریں۔

ب دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| آہستہ | صاف | شور | والدین | اُٹھنے |

1 روزانہ صُبح سویرے ......اُٹھنے...... کی عادت ڈالیں۔

2 بات چیت کرتے وقت ......آہستہ...... بولیں۔

3 اپنے گھر اور سکول کو ہمیشہ ......صاف...... رکھیں۔

4 کلاس روم میں ......شور...... مت کریں۔

5 ہمیشہ اپنے ......والدین...... اور بڑوں کا کہنا مانیں۔

ج جملوں کی ترتیب درست کرکے لکھیں۔

1 بولیں ہمیشہ سچ ......ہمیشہ سچ بولیں۔

2 بری عادت ہے کرنا چوری ......چوری کرنا بری عادت ہے۔

3 ادب کریں کا ٹیچر ......ٹیچر کا ادب کریں۔

4 سب سلام کریں کو بڑوں اور چھوٹوں ......بڑوں اور چھوٹوں سب کو سلام کریں۔

د نیچے دی گئی اچھّی عادات میں رنگ بھریں۔

